20/02/2026

09.25/AM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں عابدہ اختر

چناوٗ کمیشن

بھارتی چناوٗ کمیشن نے جمونو کشمیر سمیت دیگر 21 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے چیف الیکٹورل افسروں کو ہدایت دی ہے کہ وہ چناوٗ فہرستوں کی کےلئے ابتدائی مرحلے کاکام جلد مکمل کریں۔ (SIR)آئندہ خصوصی جامع نظر ثانی

کویہ ہدایت اس لئے دی گئی ہے کہ کیونکہ یہ کام اس سال اپریل سے CEOsمتعلقہ بارہ ریاستوں اور SIRشروع ہونے کی توقع ہے۔ چناوٗ کمیشن نے کہا ہے کہ فی الوقت مرکز کے زیرانتظام علاقوں میں جا ری ہے۔

LG

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ وزیر اعظم نریندر مو دی کشمیر پنڈتوں کی با عزت واپسی اور ان کی سلامتی کے تئیں عہد بند ہے۔جموں میں پروفیسر اشوک کاافتتاح کرتے ہوئے منوج سنہا نے "Kashmir Nativity Regained"کول کی کتاب کہا کہ عنقریب ہی اس خطے کو دہشت پسندی سے مکمل طور پر نجات دلائی جائے گی۔

انہوں نے کہا کہ ہجرت کرنے والے کشمیری پنڈتوں کے ہر کنبے نے اپنی جد وجہد کے دوران فلسفے، روحانیت ، ثقافت، زبان اور روایات کو زندہ و جاوید رکھا ہے۔

----LG-2---

CM

وزیر اعلیٰ عمرعبداللہ نے کہا کہ ڈیلی ویج ملازموں کی خدمات کو مرحلہ وار بنیاد پر با قاعدہ بنایا جائے گا اور یہ سلسلہ اگلے مالی سال سے شروع کیا جائے گا۔اسمبلی میں مطالبات زر پر بحث کا جواب دیتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ یہ کام ایک صاف و شفاف اور منظم انداز سے با عمل لایا جائے گا۔

سرکاری محکموں میں خالی پڑی اسامیوں کے بارے میں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ حکومت خالی پڑی اسامیونکی تیز تر اور صاف و شفاف بھرتی عمل یقینی بنانے پر توجہ مرکوز کئے ہوئے ہے۔

------CM------

ستیش شرما

کا بینہ وزیر ستیش شرما نے کہا ہے کہ سرکار جمونو کشمیر کی ثقافتی اور لسانی میراث کو تحفظ دینے کےلئے عہد بند ہے۔

جموں میں معروف فنکاروں نیرج شرما اور شرون بخشی کے ایک ڈوگری گیت کو جا ری کر تے ہوئے انہوننے خطے کی ثقافتی میراث کو محفوظ کرنے کےلئے اضافی محنت کے ساتھ کام کرنے پر زور دیا۔

جا وید ڈار

کا بینہ وزیر جاوید احمد ڈار نے اجتماعی خوشحالی اور جمونو کشمیر کی ترقی کےلئے باہم مل کر کام کرنے پر زور دیا ہے۔

عوام کو ماہ رمضان کی مبارکباد پیش کر تے ہوئے وزیرموصوف نے اجتماعیت اور باہمی احترام کے جذبے کو برقرار رکھنے کی ضرورت اُجاگر کی ہے۔

ورکشاپ

محکمہ اطلاعات اور تعلقات عامہ کی طرف سے میڈیا کمپلیکس جموں میں گورنمنٹ ای مارکیٹ پلیس (GeM) کے بارے میں جانکاری پیدا کرنے کی غرض سے ایک جامع ورکشاپ منعقد کیا گیا ۔

ورکشاپ کی صدارت ڈائریکٹر انفارمیشن نتیش راجورہ نے کی، جس دوران پورٹل کے مختلف پہلوؤں کے بارے میں مدلل جانکاری دی گئی۔(GeM)شرکاءکو

پنشن سکیم

صحافیوں کو پنشن سکیم Accredited کشمیر ویڈیو جرنلسٹس ایسو سی ایشن نے زڈی بل تنویر صادق کی تجویز کا خیر مقدم کیا ہے۔ MLA کے تحت لانے کی

موصوف کی اس تجویز کو عملی جامہ MLAایک بیان میں ایسو سی ایشن نے پہنانے کےلئے سرکار سے مناسب اقدام کرنے کی اپیل کی ہے۔

AI

امپیکٹ سمٹ کے پانچویں روز آج AIنئی دلی کے بھارت منڈپم میں جا ری انڈیا گورننس اور شرکت داری AIلیڈروں کا ا علامیہ اختیار کیا جائے گا، جس میں گلو بل کے بارے میں ایک مشترکہ نقش راہ کا خاکہ کھینچنے کےلئے اجتماعی عزم کا اظہار کیا جائے گا۔

وزیر اعظم نریندر مو دی نے کل اس اجلاس کا رسمی افتتاح کرتے ہوئے عالمی رہنماؤں کا استقبال کیا۔ نمائش کرنے والوں، اختراع کاروں اور سمٹ میں شرکت امپیکٹ ایکسپو کل بھی جا AIکرنے والے سبھی لوگوں کے جذبے کو دیکھتے ہوئے ری رہے گا۔

ڈویژنل کمشنر

صوبائی کمشنر کشمیر انشل گرگ نے ٹرانسپورٹ سیکریٹری کے ہمراہ دریائے جہلم میں آبی ٹرانسپورٹ کے پروجیکٹ کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔

اس سلسلے میں منعقدہ ایک میٹنگ کے دوران خاص طور پر لاگت کے تخمینوں کا جائزہ لیا گیا۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت صفر اعشاریہ 7ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت12اعشاریہ5ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر

اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ

...

....

....